Securities and Exchange Commission of Pakistan

SECP

# Press Release

December 17, 2018
For immediate release

## ایس ای سی پی کا ملائیشیا کی کیپٹل مارکیٹ کے ریگولیٹری فریم ورک پر سیمینار

اسلام آباد(17 دسمبر)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ملازمین کو ملائیشیا میں کیپٹل مارکیٹ کے ریگولیٹری فریم ورک کے نظام سے آگہی فراہم کرنے کے لئے سوموار کے روز سمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار میں سی ایف اے (کیپٹل فنانشل انالسٹ) انسٹی ٹیوٹ (گلوبل) کے بورڈ کے رکن جیفرے انگ نے ملائشیا میں کیپٹل مارکیٹ کے نظام اور ملائیشن سکیورٹیز کمیشن کی جانب سے کیپٹل مارکیٹ کے استحکام کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے بتایا۔

سیمینار میں ایس ای سی پی کیپٹل مارکیٹ ڈویژن، سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن اور اسلامک فنانس ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھنے والے افسران نے شرکت کی۔ سیمینار کا انعقاد ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن ڈیپاٹمنٹ نے کیا تھا۔ جیفرے انگ، فورٹریس کیپٹل ایسٹ مینجمنٹ کے ڈائریکٹر ہیں اور اس کے علاوہ مالیاتی شعبے میں اہم اداوں میں خدمات انجام دے چکے ہیں اور بطور نائب صدر، سی ایف اے سوسائیٹی ملائیشیا کے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جیفرے انگ نے شرکاء کو بتایا کہ ملائیشیا میں سکوک اور بانڈز کی مارکیٹ میں صرف اور صرف ادارے ہی شامل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے ملیشیا کی حکومت کی جانب سے حال ہی میں جاری کئے گئے ٹیکس چھوٹ کے حامل فکسڈ انکم فنڈز سے بچت کے رجحان اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملائیشیا میں تنخواہ دار طبقے کی اٹھارہ فیصد تنخواہ حکومت کے قائم کردہ مانیٹری پراویڈنٹ فنڈ میں جاتی ہے جس کی کل مالیت دو سو پچاس ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹل مارکیٹ میں وسعت اور گہرائی پیدا کرنے کے لئے ملائیشن سکیورٹیز ریگولیٹر نئے آئیڈیاز اور اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فن ٹیک کمپنیوں کو مختلف رعایتیں دینی چاہیں تا کہ زیادہ سے زیادہ کمپنیاں ٹیکنالوجی کے استعمال کی طرف راغب ہوں اور سرمایہ کاروں کے لئے آسانی پیدا ہو۔

ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ خالدہ حبیب نے سی ایف اے کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایس ای سی پی اور سی ایف اے کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا خواہاں ہے تا کہ باہمی تعاون سے ایس ای سی پی کے ملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید اضافہ کیا جائے اور سرمایہ کاروں میں آگہی پیدا کرنے کی کوششوں میں اضافہ کیا جائے۔

سیمینار کے اختتام پر ایس ای سی پی کے کمشنر، انوسٹر ایجوکیشن، شوکت حسین نے سی ایف اے وفد کا شکریہ ادا کیا اور جیفرے انگ کو ایس ای سی پی کی یادگار شیلڈ پیش کی۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk